سفارشات برائے کاشتکاران

15 تا 28 فروری 2021

ملک محمد اکرم، ناظم اعلیٰ زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب

- موسمیاتی تبدیلیوں اور پانی کے ذخائر کی کمی کے باعث زراعت کے لیے نہری پانی کی دستیابی روز بروز کم ہوتی جارہی ہے جس سے زراعت میں ٹیوب ویل کے پانی کا استعمال بڑھتا جارہا ہے۔ لیکن واضح رہے کہ پنجاب کے بعض اضلاع میں ٹیوب ویل کے پانی کے بے دریغ استعمال سے نہ صرف زیرزمین پانی نایاب ہوتا جا رہاہے بلکہ زمینی پانی کا معیار بھی انتہائی ناقص ہورہا ہے۔لہٰذا ایسے علاقوں میں ٹیوب ویل کے ذریعے آبپاشی انتہائی ضرورت کے وقت کریں۔
- اضافی نہری پانی یازائد بارشی پانی کوآبی تالابوں میں جمع کریں تاکہ ضائع ہونے سے بچ سکے اور بوقت ضرورت فصلوں کی آبپاشی کے کام آسکے۔
- فصل کو پانی لگانے سے پہلے کھالا جات کی اچھی طرح سے صفائی کریں یعنی جڑی بوٹیوں کوختم کرنے کے لیے جڑی بوٹی مار زہروں کا استعمال کریں تاکہ پانی کے بہاؤ میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ نہ ہو۔
- آلو کی فصل کی برداشت کے وقت ڈرپ لائنز کواچھے طریقے سے اکٹھا کرکے بنڈلز کی صورت میں کھیت کے کناروں پرجمع کرلیں اوراس بات کویقینی بنائیں کہ ڈرپ لائنز کو چوہایا کوئی دوسرا جانور نقصان نہ پہنچائے۔
- ڈرپ نظامِ آبپاشی کے ذریعے کاشتہ آلو کی فصل کی برداشت کے بعد بہاریہ مکئی کی کاشت بذریعہ ڈرپ آبپاشی کریں اور بوائی سے قبل زمین کولیزر لینڈ لیولر سے ہموار کریں۔
- سورج مکھی کی بہاریہ فصل کی پہلی آبپاشی روئیدگی کے 20 دن بعداور دوسری آبپاشی پہلے پانی کے 20 دن بعد کریں۔ واضح رہے کہ آبپاشی کا دارومدار موسمی حالات پر ہوتا ہے۔زیادہ گرم اورخشک موسمی حالات میں فصل کوزیادہ پانی جبکہ سرد اور مرطوب موسمی حالات میں کم آبپاشی کی ضرورت ہوگی۔



- دھان، کپاس، مکئی اور کماد کی فصلات کے بعد کاشتہ گندم کی فصل کو دوسرا پانی گوبھ کی حالت (80 تا 90 دن بعد) میں لگائیں کیونکہ اس نازک مرحلے پر فصل کو پانی نہ لگانے کی صورت میں خوشوں میں دانے کم بنتے ہیں جس سے فی ایکڑ پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ پچھیتی کاشت کی صورت میں پہلا پانی بوائی کے 25 تا 30 دن بعد اور دوسرا پانی گوبھ کی حالت میں 70 تا 80 دن بعد لگائیں۔
- ریتلی، پتھریلی، غیرآباد، پانی کی کمی والی، بارانی اور ناہموار زمینوں میں منافع بخش فصلوں/ گھنے باغات کی کاشت بذریعہ ڈرپ نظامِ آبپاشی کریں۔
- ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے، زرعی مداخل کی لاگت میں کمی لانے اور فی ایکڑ زیادہ منافع حاصل کرنے کے لیے ڈرپ نظام آبپاشی کو چلانے کے لیے سولر سسٹم کی تنصیب کروائیں۔
- زمین میں نمی کی مقدار معلوم کرنے کے لیے مائیچر میٹر (Moisture Meter) کا استعمال کریں اور پانی کی مطلوبہ مقدار بروقت فراہم کریں۔
- پانی ایک انمول نعمت ہے۔ زراعت کے ساتھ ساتھ گھریلو سطح پر بھی اس کے غیرضروری استعمال سے پرہیز کرکے ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔
- کھیت کی سطح پر آبپاشی سے متعلق درپیش کسی بھی قسم کے مسائل کے حل یا معلومات کے لیے محکمہ زراعت کے شعبہ اصلاحِ آبپاشی کے نمائندے سے رابطہ کریں۔